## نوازشریف خود مارشل لاء کی پیداوار ہیں، انیس ایڈوکیٹ
## نوازشریف کی پوری زندگی فوجی جرنیلوں کی خوشامد اوران سے معافی مانگنے میں گزری ہے

لندن۔۔۔24، اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن انیس خان ایڈوکیٹ نے قائدتحریک جناب الطاف حسین کے حالیہ بیان کے جواب میں مسلم لیگ (ن) کے سربراہ میاں نوازشریف کے بیان پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ نوازشریف خود مارشل لاء کی پیداوار ہیں اورانہوں نے جنرل ضیاءالحق کی گود میں بیٹھ کرسیاسی تربیت حاصل کی ہے۔ایک بیان میں انیس خان ایڈوکیٹ نے کہا کہ دنیا جانتی ہے کہ نوازشریف نے جنرل ضیاءالحق کی گود میں بیٹھ کرسیاسی تربیت حاصل کی اوران کی پوری زندگی فوجی جرنیلوں کی خوشامد اوران سے معافی مانگنے میں گزری ہے۔ملک بھر کے عوام اس حقیقت سے واقف ہیں کہ جب نوازشریف کوعدالت سے عمرقید، جرمانے اور نااہلی کی سزا سنائی گئی اورانہیں جیل میں قید کیا گیا تو وہ دن رات دھاڑے مار مار کر روتے رہتے تھے اورفوجی جرنیلوں سے اپنی رہائی کی بھیک مانگا کرتے تھے۔انیس ایڈوکیٹ نے کہا کہ یہ نوازشریف ہی تھے جنہوں نے 110 سوٹ کیسوں اوراپنے پورے خاندان سمیت سعودی عرب میں جلاوطنی کا اس وقت کے جنرل پرویز مشرف سے معاہدہ کیا اورساری زندگی اللہ اوررسول کی قسمیں کھا کرقوم سے جھوٹ بولتے رہے کہ انہوں نے اپنی رہائی کے سلسلے میں کوئی معاہدہ نہیں کیا لیکن جب اس معاہدے کی حقیقت میڈیا کے ذریعہ عوام تک پہنچی تو معاہدے سے انکار کرنے والے نوازشریف کھسیانی بلی کی طرح کہنے لگے کہ ہم نے دس سال کا نہیں پانچ سال کا معاہدہ کیا تھا۔انیس ایڈوکیٹ نے کہا کہ جولوگ مصیبت کی گھڑی میں اپنے کارکنان اورعوام کو بے یارومددگار چھوڑ کرفوجی جرنیلوں سے معاہدے کر کے اور معافی نامے لکھ کر جان بچاتے رہے ہوں انہیں لاکھوں کروڑوں عوام کے قائد جناب الطاف حسین کے خلاف زہرافشانی پرشرم کرنی چاہئے۔

## سپریم کورٹ بار، الطاف حسین کے خلاف بغاوت کا مقدمہ درج کرانے کا شوق پورا کرلے، طارق جاوید
## آرٹیکل 6 کی زد میں آنے والے فوجی جرنیلوں، سیاستدانوں، مذہبی شخصیات اورججوں کے خلاف بھی منصفانہ کارروائی کا مطالبہ کیا جائے

کراچی۔۔۔24، اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن طارق جاوید نے سپریم کورٹ بارایسوسی ایشن کے ارکان کی جانب سے قائدتحریک جناب الطاف حسین کے خلاف آئین کے آرٹیکل 6 کے تحت کارروائی کے مطالبہ پرتبصرہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ سپریم کورٹ بارسمیت تمام سیاسی ومذہبی جماعتیں قائدتحریک جناب الطاف حسین کے خلاف بغاوت کا مقدمہ درج کرانے کا شوق پورا کرلیں ایم کیوایم اسکی حمایت کرے گی۔ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین پاکستان کے استحکام کیلئے حقیقت پسندی پرمبنی اپنے مؤقف کا اظہار کیا ہے جس پرایک جانب مسلم لیگ (ن) کے رہنماؤں کو پتنگے لگ رہے ہیں جبکہ دوسری جانب سپریم کورٹ بارایسوسی ایشن کے ارکان کی جانب سے جناب الطاف حسین کے خلاف آرٹیکل 6 کے تحت کارروائی کا مطالبہ کیا جارہا ہے۔طارق جاوید نے کہا کہ جناب الطاف حسین کے خلاف آئین کے آرٹیکل 6 کے تحت کارروائی کا جس کوشوق پورا کرنا ہے وہ ضرورکرے۔ایم کیوایم کے رہنماء بانیان پاکستان کی اولادیں ہیں اوروہ پاکستان کی بقاء وسلامتی اورعوام کی فلاح وبہبود کیلئے پھانسی چڑھنے کیلئے تیار ہیں۔انہوں نے کہا کہ جناب الطاف حسین کے خلاف بغاوت کا مقدمہ درج کرانے والے ساتھ ہی آرٹیکل 6 کی زد میں آنے والے تمام فوجی جرنیلوں، سیاستدانوں، مذہبی شخصیات اورججوں کے خلاف بھی منصفانہ کارروائی کا مطالبہ کریں جنہوں نے ملک وقوم کودونوں ہاتھوں سے لوٹا ہے۔طارق جاوید نے کہا کہ اگرسپریم کورٹ بارایسوسی ایشن کے ارکان اور جناب الطاف حسین کے خلاف آئین سے انحراف کا مقدمہ درج کرانے کے شوقین حضرات نے آئین کے آرٹیکل 6 کی زد میں آنے والے تمام افراد کے خلاف کارروائی کا مطالبہ نہ کیا تو قوم یہ سمجھنے میں حق بجانب ہوگی کہ یہ عناصر بغض الطاف میں مبتلا ہوکرمنافقت کررہے ہیں۔

# ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار کا سکھر بیراج کا دورہ،
# خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر سے قاسم آباد، ڈیرہ غازی خان اور سکھر کے سیلاب متاثرین کیلئے
# متعدد ٹرکوں پر مشتمل امدادی سامان اور ادویات کی ایک اور بڑی کھیپ روانہ ہونیوالی
# امداد کو سکھر حیدرآباد پنجاب پہنچنے پر رابطہ کمیٹی کے ارکان حق پرست صوبائی وزراء نے وصول کیا

کراچی۔۔۔24، اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پر ایم کیوایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر کراچی سے مزید 9 ٹرکوں پر مشتمل امدادی سامان اور ادویات کی ایک اور بڑی کھیپ اتوار کے روز قاسم آباد، ڈیرہ غازی خان اور سکھر کے سیلاب متاثرین کیلئے روانہ کردی گئی اس طرح خدمت خلق فاؤنڈیشن اب تک ساڑھے 13 کروڑ روپے کا امدادی سامان اور ادویات متاثرین سیلاب کیلئے روانہ کرچکی ہے۔ امدادی کھیپ خدمت خلق فاؤنڈیشن سے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن وحق پرست صوبائی وزیر شعیب بخاری اور ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن وسابق سٹی ناظم مصطفیٰ کمال نے اپنی نگرانی میں روانہ کیا۔ امدادی کھیپ میں کروڑوں روپے مالیت کی غذائی اجناس، ادویات اور ضروریات زندگی کی دیگر اشیاء شامل ہیں۔ خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر سے سکھر کیلئے روانہ کئے گئے امدادی سامان کے ٹرکوں کو ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر و وفاقی وزیر سمندر پار پاکستانیز ڈاکٹر فاروق ستار اور رابطہ کمیٹی کے رکن اشفاق منگی نے وصول کیا۔ بعدازاں گزشتہ روز ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر و وفاقی وزیر برائے سمندر پار پاکستانیز ڈاکٹر فاروق ستار سکھر میں ایم کیوایم کے فیلڈ اسپتال کا دورہ کیا اور مریضوں کو طبّی سہولیات کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن اشفاق منگی اور سکھر میں موجود ایم کیوایم کے ذمہ داران وکارکنان بھی ان کے ہمراہ تھے۔ فاروق ستار نے سکھر بیس کیمپ کے علاوہ سکھر بیراج کا دورہ بھی دورہ کیا اور وہاں پر سیلابی ریلے کے حوالے سے میڈیا کے نمائندگان کو بریفنگ بھی دی۔ علاوہ ازیں فاروق ستار نے امدادی سامان اور ادویات سمیت کھانا بھی شکارپور، جیکب آباد اور سکھر کے دیگر سیلاب سے متاثرہ علاقوں کے متاثرین میں تقسیم کیا اور اسکے بعد امدادی سامان کے ٹرکوں کو ڈیرہ غازی خان کیلئے روانہ کیا گیا جہاں امدادی ٹرکوں کو پنجاب میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان شاہد لطیف، افتخار اکبر رندھاوا اور حق پرست رکن قومی اسمبلی وسیم اختر نے وصول کیا اور امدادی سامان کو سیلاب متاثرین میں تقسیم کریں گے اسی طرح حق پرست رکن قومی اسمبلی ساجد احمد نے جنوبی پنجاب کے مختلف بازاروں اور مارکیٹوں کا دورکیا اور دکانداروں اور عوام سے سیلاب زدگان کی امداد کیلئے عطیات جمع کیئے جبکہ آزاد کشمیر میں سیلاب زدگان کیلئے جاری چندہ مہم میں حق پرست رکن آزاد کشمیر اسمبلی سلیم بٹ نے عوام، تاجروں اور دکانداروں سے سیلاب زدگان کی امداد کیلئے جاری چندہ مہم میں حصہ لیا۔ دریں اثناء حیدرآباد کے زونل انچارج محمد شریف حق پرست صوبائی وزراء نادیہ گبول، زبیر احمد خان، حق پرست ارکان اسمبلی زریں مجید، بلقیس مختار، ہیر سوہو، وسیم حسین اور اکرم عادل کے قاسم آباد کے گورنمنٹ بوائز پرائمری اسکول وحدت کالونی، گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول فیز 1 قاسم آباد، گورنمنٹ ڈگری کالج قاسم آباد، گورنمنٹ پرائمری اسکول سیٹیزن کالونی میں قائم متاثرین سیلاب کے کیمپوں کا دورہ کیا۔ خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر سے قاسم آباد کیلئے روانہ کی گئی امدادی کھیپ کو حق پرست صوبائی وزیر برائے انسانی حقوق نادیہ گبول، حق پرست خواتین ارکان اسمبلی آنسہ بلقیس مختار اور محترمہ زرین مجید حیدرآباد میں وصول کیا متاثرین سیلاب میں تقسیم کیا۔ امدادی سامان کے ٹرکوں کی قاسم آباد، ڈیرہ غازی خان اور سکھر روانگی کے موقع سے قبل ایم کیوایم کے کارکنان اور رضا کاروں سے گفتگو کرتے ہوئے رابطہ کمیٹی کے ارکان شعیب بخاری اور مصطفیٰ کمال نے کہا کہ سیلاب زدہ متاثرہ بھائیوں کی امداد سب کا قومی فریضہ ہے اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی ہدایت پر ایم کیوایم اور اس کا فلاحی ادارہ خدمت خلق فاؤنڈیشن متاثرین سیلاب کیلئے ہر ممکن اور بھرپور خدمات انجام دے رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سیلاب متاثرین کیلئے ایم کیوایم اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کی عملی سرگرمیوں سے لاکھوں متاثرین مستفید ہورہے ہیں اور انشاء اللہ ایم کیوایم سیلاب سے متاثرہ ایک ایک خاندان کی بحالی تک امدادی سرگرمیاں انجام دیتی رہے گی۔ انہوں نے خدمت خلق فاؤنڈیشن میں امدادی سرگرمیوں میں مصروف رضا کاروں اور کارکنوں کو زبردست خراج تحسین پیش کیا اور کہا کہ دکھی انسانیت کی خدمت افضل ترین عبادت ہے۔

## رابطہ کمیٹی کے رکن یوسف شاہوانی نے زوہب الاسلام رودینی کے اغواء اور قتل کی واردات پر مقتول کی رہائشگاہ جا کر سوگواران سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا

کوئٹہ۔۔۔24، اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن محمد یوسف شاہوانی نے ایم کیوایم بلوچستان کے قائم مقام صوبائی آرگنائزر مجیب الاسلام رودینی کے بھائی زوہب الاسلام رودینی کے اغواء کے بعد بہیمانہ قتل پر مقتول کی رہائشگاہ جا کر سوگوار لواحقین سے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا۔ اس موقع پر سابق حق پرست سینیٹر ڈاکٹر محمد علی بروہی، ایم کیوایم صوبائی آرگنائزنگ کمیٹی کے رکن اکبر مینگل اور ضلعی آرگنائزنگ کمیٹی کے رکن جاوید سمالانی بھی موجود تھے۔ یوسف شاہوانی نے مقتول کے لواحقین سے گفتگو کرتے ہوئے کا کہ زوہب الاسلام رودینی کا اغواء کے بہیمانہ قتل قابل مذمت ہے اور اس بہیمانہ قتل میں ملوث سفاک دہشت گرد قانون کی گرفت سے محفوظ نہیں رہ سکتے۔ وہ کچھ دیر مقتول کے سوگواران کے ہمراہ رہے اس موقع پر انہوں نے زوہب الاسلام رودینی کے بلند درجات اور مغفرت کیلئے دعا بھی کی۔

## ایم کیوایم شکار پور زون کی زونل کمیٹی کے رکن سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔24، اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم شکار پور زون کی زونل کمیٹی کے رکن نظیر احمد ملک کی والدہ محترمہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ (آمین)

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کا سوگوار کارکنان سے اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔24، اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کراچی مضافاتی کمیٹی جزائر سیکٹر کے سیکٹر ممبر محمد مقیم، اور لائنز ایریا سیکٹر یونٹ بزرٹہ لائن وارڈ 4 کے کارکن محمد افسر صدیقی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہا کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن شعیب بخاری نے حق پرست رکن سندھ اسمبلی ریحان ظفر کے ہمراہ خادم حسین شہید کی رہائش گاہ پر جا کر انکے والد مولانا یوسف سے تعزیت کی

کراچی۔۔۔24، اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن شعیب بخاری نے حق پرست رکن سندھ اسمبلی ریحان ظفر کے ہمراہ مرزا خادم حسین شہید کے والد مرزا یوسف سے انکی رہائشگاہ واقع ناظم آباد میں ملاقات کی۔ رابطہ کمیٹی کے رکن شعیب بخاری نے گزشتہ دنوں کراچی میں دہشت گردی کے نتیجے میں انکے صاحبزادے خادم حسین کی شہادت پر قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا اور شہید کی مغفرت کیلئے دعا بھی کی۔

## متحدہ سوشل فورم کے تحت ٹیلی ویژن، فلم اور اسٹیج کے قومی و بین الاقوامی شہرت یافتہ فنکاروں اور کھلاڑیوں کی طارق روڈ پر سیلاب زدگان کیلئے امدادی مہم

کراچی۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)

پاکستان میں ٹیلی ویژن ،فلم اسٹیج کے ناموراورقومی وبین الاقوامی شہرت یافتہ فنکاروں اور کھلاڑیوں نے منگل کے روز طارق روڈ پر متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت سیلاب زدگان کیلئے جاری امدادی مہم کیلئے عوام سے عطیات وصول کئے۔اس موقع پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن سیف یارخان ،حق پرست ارکان قومی اسمبلی محترمہ خوش بخت شجاعت ،رشیدگوڈیئل اورحق پرست صوبائی وزیرعبدالرؤف صدیقی کے علاوہ ناموفنکاروکھلاڑی اداکارعمرشریف،عابدعلی، ایاز خان،انورعلی بلوچ،شہزادعلی خان،لیاقت سولجر،،وسیم حیدر،ڈاکٹرفوزیہ،عمران رضا،عرفان موتی والا،گلوکارافراہیم ،امجدصابری ،امجدرعنا،حسن جہانگیر،سابق ٹیسٹ کرکٹرمعین خان،اولپئن اصلاح الدین اورشوآرگنائزرشعیب پپوسمیت طارق روڈ کی مختلف مارکیٹ کمیٹیوں کے عہدیداربھی موجود تھے۔متحدہ قومی موومنٹ کے متحدہ سوشل فورم کے تحت ہونے والی اس عطیاتی مہم کے سلسلے میں فنکاراورکھلاڑیوں نے متین سینٹر،سپرشاپنگ مال،دبئی مال،شالیمارسینٹر،ڈولمین سینٹر،آرآئی مارکیٹ اورطارق روڈپرموجوددیگردکانداروں،ہاکروں اورخریداری کیلئے آئے عوام سے عطیات وصول کیے۔اس سلسلے میں انہوں نے اپنے ہاتھوں میں ایک بڑی جھولی اورڈبے اٹھائے ہوئے تھے اورانہوں نے اپنے دامن سے جھولی بناکربھی عطیات وصول کیے۔طارق روڈپر چھوٹے بڑے دکانداروں اورعوام کا جوش قابل دیدتھاانہوں نے دل کھول کراورحسب توفیق خدمت خلق فاؤنڈیشن کواپنے عطیات دیئے،حتیٰ کہ اس کارخیر میں کنگھے،ناڑھے ،پن اوردیگر چھوٹی موٹی اشیاء فروخت کرنے والے بزرگ ،کم عمربچے بچیاں اورفقراء بھی پیچھے نہیں رہے اورانہوں نے بھی اپنے نقدعطیات ان فنکاروں اورکھلاڑیوں کی جھولی میں ڈالے۔ان فنکاروں اور کھلاڑیوں نے شاپنگ سینٹر میں دکان دکان جاکرعطیات وصول کیے جبکہ عطیات جمع کرنے کے سلسلے میں تیارکیے گئے فلوٹ پربھی کھڑے ہوکرانہوں نے عوام سے عطیات دینے کی اپیل کی۔اس فلوٹ نے پورے طارق روڈ کا گشت کیا۔طارق روڈپرعطیات کی وصولی کے دوران مختلف مقامات پررکن رابطہ کمیٹی سیف یارخان ،حق پرست اراکین قومی اسمبلی، فنکاروں اورکھلاڑیوں خوش بخت شجاعت ،رشیدگوڈیئل ،عمرشریف،انورعلی بلوچ،ایازخان ،عابدعلی،اصلاح الدین ،لیاقت سولجرنے کہا کہ ہم جناب الطاف حسین کی ہدایت پرسیلاب زدگان کی امدادکیلئے عطیات وصول کرنے اپنے گھروں سے باہرآئیں ہیں عوام اپنے سیلاب زدہ بھائیوں اوربہنوں کی مددکیلئے آگے آئیں اورخدمت خلق فاؤنڈیشن کوزیادہ سے زیادہ عطیات دیں۔انہوں نے کہا کہ یہ پاکستان کی تاریخ کا سب سے بدترین سانحہ ہے شروع میں ہم سب سوئے ہوئے تھے سب سے پہلے الطاف حسین نے ہمیں جگایاہے توہمیں اب جگاتے رہنا چاہیئے۔وہ سیاست داں جنہوں نے اپنی سیاست سے اربوں روپیہ کمایا آج وہ اپنے حلقوں تک میں نہیں جارہے ہیں جبکہ ہم عوام میں ہیں اورعوام ہی سے بھیک مانگ رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ اس سانحہ پرہمیں توبہ کرنی چاہیئے متحدہ قومی موومنٹ سب کومتحد کرتی ہے اوراس نے آج ہم فنکاروں اورکھلاڑیوں کوبھی متحدکردیاہے،ہم سب ایک ہیں ہمیں کھلے آسمان کے نیچے رہنے والے اپنے بھائیوں کوچھت دیناہے قائدتحریک الطاف حسین اسی کیلئے جدوجہدکررہے ہیں الطاف حسین نے تمام فنکاروں اورکھلاڑیوں کوایک جگہ کھڑاکردیاہے ،ہم ان کی ہدایت پرجگہ جگہ جائیں گے اورعطیات وصول کرکے بتادیں گے کہ وہ اس مشن میں تنہاءنہیں ہیں۔قائدتحریک الطاف حسین نے ہمیں دعوت فکردی اورہم چل پڑے،ہم اپنے بھائیوں کی مددکیلئے اپنے ہی بھائیوں کے سامنے ہاتھ پھیلانے آئیں ہیں جس کی ابتداء الطاف حسین نے کی ہے ہم سب مظلوموں کے ساتھ ہیں،سوال صوبے یاقومیت کانہیں ہے سیلاب زدہ ہمارے بھائی ہیں آج ہم ان کے کام آئیں گے تووہ کل ہمارے کام آئیں گے۔رکن رابطہ کمیٹی سیف یارخان نے فنکاروں اورکھلاڑیوں سے عطیات کی مہم میں حصہ لینے پراظہارتشکرکیا۔

## سیلاب زدگان کی امداد کیلئے ایم کیوایم کے تحت سکھر کے بعد شکارپور، کندھ کوٹ اور کشمور میں بھی فیلڈ اسپتال قائم کردئے گئے

## مریضوں کو جلدی ودیگر وبائی امراض سے بچاؤ کی ادویات مفت تقسیم کی جارہی ہیں

کراچی۔۔۔24اگست2010ء

ایم کیوایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت سیلاب زدگان کی امداد کے لئے سکھر کے بعد شکارپور، کندھ کوٹ اور کشمور میں بھی فیلڈ اسپتال قائم کر دیئے۔سکھر، شکارپور، کندھ کوٹ اور کشمور میں ایم کیوایم کے فیلڈ فیلڈ اسپتال میں سیلاب کے متاثرین کو طبی امداد فراہم کی جارہی ہے اور ڈاکٹر اور پیرامیڈیکل اسٹاف مریضوں کی علاج ومعالجہ میں دن رات مصروف عمل ہیں۔جبکہ مریضوں کو جلدی ودیگر وبائی امراض کی ادویات مفت تقسیم کی جارہی ہیں۔جبکہ ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی ارکان حق پرست وزراء ارکان قومی وصوبائی اسمبلی ISTCاور ایم کیوایم زونل انچارجز وکارکنان متاثرین کو غذائی اجناس بھی تقسیم کررہے ہیں جس میں آٹا، دالیں، چاول، چائے کی پتی، نمک خشک دودھ، بسکٹ اور دیگر روزمرہ کی استعمال کی اشیاء شامل ہیں۔اس موقع پر سیلاب زدگان ایم کیوایم کی امدادی سرگرمیوں کو نہ صرف زبردست انداز میں سراہا بلکہ اے ایم کیوایم خصوصاً الطاف حسین کی جانب سے صحیح معنوں میں دکھی انسانیت کی خدمت قرار دیا۔

## نیپرا کی جانب سے بجلی تقسیم کار کمپنیوں کو نرخوں میں 26پیسے یونٹ اضافے کی اجازت دینا ملک بھر کے غریب عوام پر ظلم ہے، ارکان قومی اسمبلی

کراچی۔۔۔24،اگست2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے نیپرا کی جانب سے بجلی تقسیم کار کمپنیوں کو نرخوں میں 26پیسے یونٹ اضافے کی اجازت دینے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور اسے ملک بھر کے غریب عوام پر ظلم قرار دیا ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ نیپرا کی جانب سے ایک جانب بجلی تقسیم کار کمپنیوں کو نرخوں میں 26پیسے یونٹ اضافے کی اجازت دیدی گئی جبکہ دوسری جانب اس اضافہ کا اطلاق بھی اگست 2010کے مہینے سے کیا جارہا ہے جو غریب عوام پر ستم بالائے ستم کے مترادف ہے۔انہوں نے کہا کہ ملک کی موجودہ نازک معاشی صورتحال اور مہنگائی کے دور میں غریب عوام کو سفید پوشی بھرم قائم رکھنا مشکل ہوگیا ہے اور ایسے حالات میں بجلی کے نرخوں میں اضافہ غیر منقطعی اقدام ہے۔حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ نیپرا کی جانب سے بجلی تقسیم کار کمپنیوں کو نرخوں میں 26پیسے یونٹ اضافے کی اجازت دینے کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور بجلی کے نرخوں کئے گئے اضافہ کو فی الفور واپس لیکر غریب عوام کو ریلیف فراہم کیا جائے۔

## ایم کیوایم کے ارکانِ سینٹ وقومی اسمبلی کا ہنگامی اجلاس

## مسلم لیگ ن کیخلاف دونوں ایوانوں میں تحریک استحقاق وتحریک التواء پیش کرنے کا فیصلہ

کراچی۔۔۔24اگست2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست اراکینِ سینٹ وقومی اسمبلی کا مشترکہ طویل ہنگامی اجلاس رابطہ کمیٹی کیساتھ منعقد ہوا۔اجلاس میں متفقہ طور پر یہ طے کیا گیا ہے کہ دونوں ایوانوں میں حق پرست پارلیمانی گروپ کی جانب سے مسلم لیگ ن کیخلاف غیر جمہوری رویئے اور غیر آئینی اقدامات کے حوالے سے تحریک استحقاق اور تحریک التواء آج جمع کرادی جائیگی۔

☆☆☆☆☆